Administrativt Ressourcecenter
Børne- og Ungdomsforvaltningen

محترم والدین،
آپ کے بچے نے اب سکول جانا شروع کرنا ہے اور کوپن ہیگن کے فولکے سکول آپ کو خوش آمدید کہنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔

سکول کا چناؤ
آپ کا بچہ ایک سکول سے منسلک ہے (علاقہ کا سکول) جس کا تعین آپ کے بچے کے پتہ کی بنا پر ہوتا ہے۔ علاقہ کے سکول میں آپ کے بچے کے لئے جگہ کی ضمانت موجود ہے۔ اگر آپ کو شک شبہ ہے کہ آپ کا بچہ علاقہ کے کس سکول سے وابستہ ہے تو www.kk.dk/skoleindskrivning پر جا کربچے کا پتہ لکھیں تو آپ علاقہ کا سکول دیکھ سکتے ہیں۔

ڈنمارک میں سکول کا انتخاب کرنے کی آزادی ہے۔ اس لئے آپ بچے کا نام علاقہ کے سکول کے علاوہ کسی دیگر سکول میں درج کرسکتے ہیں۔ دوسرا سکول جگہ کی پیشکش صرف اس صورت میں کرے گا جبکہ ان کے پاس خالی جگہیں ہوں۔ سکول میں نام کے اندراج کے متعلق عمومی سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لئے www.kk.dk/skoleindskrivning پر جائیں۔

فری ٹیڈ پیش کش کا انتخاب
کوپن ہیگن کمیون میں ہرایک سکول کے ساتھ ایک فری ٹیڈ انسٹی ٹیوشن منسلک ہوتا ہے۔ جس سکول میں آپ کا بچہ جائے اس کےساتھ منسلکہ فری ٹیڈ انسٹی ٹیوشن میں بچے کی جگہ ہمیشہ مختص ہوتی ہے۔ اگر آپ جگہ کے خواہشمند ہوں توسکول میں بچے کا نام درج کرنے کےساتھ ہی فری ٹیڈ پیش کش میں بھی نام لکھ سکتے ہیں۔

سکول اور فری ٹیڈ انسٹی ٹیوشن میں کب اور کیسے اپنے بچے کا نام لکھ سکتے ہیں؟
نام کا اندراج www.kk.dk/skoleindskrivning پر جا کر ڈیجیٹل طور پہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ یہاں اپنی پسند کے سکول اور فری ٹیڈ انسٹی ٹیوشن کا نام لکھ سکتے ہیں۔

آپ بچے کا نام کا اندراج اس تاریخ سے پہلے کر سکتے ہیں :

سوموار مورخہ 4 نومبر تا اتوار مورخہ 24 نومبر 2024

سکول اور فری ٹیڈ انسٹی ٹیوشن میں آپ بچے کا نام صرف اسی صورت میں درج کرسکتے ہیں جبکہ آپ کا اور بچے کا رہائشی پتہ ایک ہو۔

اگر آپ کو بچے کا نام لکھنے میں مدد چاہیئے ہو تو علاقہ کے سکول سے رابطہ کریں۔

کیا آپ کے بچے نے کوپن ہیگن کمیون میں فولکے سکول نہیں شروع کرنا ہے؟
اگر آپ کے بچے نے کوپن ہیگن کمیون میں سکول نہ شروع کرنا ہو تو اپنی خدمت آپ کے ذریعہ https://indskrivning.dk/indskrivning/login.aspx?s1=996996 پر جا کر اس کی وجہ بیان کریں۔

آپ کو کب مطلع کیا جائے گا؟
آپ کو فروری کے شروع میں اطلاع موصول ہو گی کہ آپ کے بچے نے کس سکول میں جانا ہے۔ جس سکول میں آپ کے بچے کو جگہ ملی ہوگی، اس کی طرف سے آپ کو Borger.dk کے ذریعہ ڈیجیٹل پوسٹ باکس یا ای باکس میں خط ملے گا۔
خیر اندیش

Københavns Kommune کوپن ہیگن کمیون
Børne- og Ungdomsforvaltningen نوجوانوں اور بچوں کا شعبہ